بینک دولت پاکستان

شعبہ بینکاری طرز عمل اور تحفظ صارف

آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی

بی سی اینڈ سی پی ڈی سرکلر نمبر 01 برائے 2019ء 11 جون 2019ء

صدور / چیف ایگزیکٹوز

تمام بینک / ترقیاتی مالی ادارے / خرد مالکاری بینک / غیر بینک مالی کمپنیاں / خرد مالکاری ادارے

محترم / محترمہ

<u>کریڈٹ بیوروز ایکٹ 2015ء کے تحت نجی کریڈٹ بیوروز کی رکنیت</u>

کریڈٹ بیوروز ایکٹ کے تحت بینک دولت پاکستان کو نجی شعبے میں کریڈٹ بیوروز کو لائسنس جاری کرنے اور ان کے معاملات کی نگرانی کا اختیار دیا گیا ہے۔ اس ضمن میں اسٹیٹ بینک نے میسرز ایکویٹاس انفارمیشن سروسز لمیٹڈ اور ڈیٹا چیک لمیٹڈ کو نجی کریڈٹ بیوروز کی حیثیت میں کاروبار شروع کرنے کے لیے لائسنس جاری کر دیے ہیں۔

2۔ کریڈٹ بیوروز ایکٹ 2015ء کی سیکشن 11 کی شقوں کے تحت بینک دولت پاکستان کو ضوابط کے ذریعے مدت تجویز کرنی ہے، جس میعاد میں ہر قرضہ جاتی ادارہ کم از کم ایک کریڈٹ بیورو کی رکنیت حاصل کرلے گا۔ اب فیصلہ کیا گیا ہے کہ ضابطہ 10 جسے درج ذیل سے تبدیل کیا گیا ہے، میں مدت تجویز کی جائے:

<u>ضابطہ 10</u>

<u>کریڈٹ بیوروز کی رکنیت</u>

کریڈٹ بیوروز ایکٹ، 2015ء کی دفعہ (1)11 کے تحت ہر قرضہ جاتی ادارہ 30 ستمبر 2019ء تک کم از کم ایک کریڈٹ بیورو کی رکنیت حاصل کرے گا یا نئے لائسنس یافتہ قرضہ جاتی ادارے کو بھی کاروبار شروع کرنے کے ابتدائی تین مہینوں کے اندر رکنیت حاصل کرنا ہوگی۔

کریڈٹ بیوروز ڈیٹا جمع کرنے، اس کے تبادلے اور ترسیل کے لیے قرضہ جاتی اداروں سے باقاعدہ سمجھوتہ کریں گے۔ دیگر امور کے علاوہ سمجھوتے میں کم از کم درج ذیل واضح شقوں کو مدنظر رکھا جائے:

الف۔ اراکین کے لیے ضروری ہے کہ وہ کریڈٹ بیورو کو مقررہ تعداد اور میعاد کے مطابق درست اور مکمل معلومات فراہم کریں۔

ب۔ معلومات کی رازداری، پرائیویسی اور تحفظ کو یقینی بنائیں۔

ج۔ قرضہ جاتی ادارے کی ذمہ داری اور تنازعہ حل کرنے کا طریقہ کار واضح کیا جائے۔

سمجھوتے میں کریڈٹ بیوروز ایکٹ 2015ء، کریڈٹ بیوروز کے قواعد وضوابط 2016ء سے متصادم کسی بھی شق کو شامل نہیں کیا جائے گا، اور ایسی کوئی بھی متصادم شق کالعدم ہوگی۔ کریڈٹ بیوروز اسٹیٹ بینک کو سالانہ بنیادوں پر اپنے اراکین کی حیثیت سے آگاہ رکھیں گے۔

3۔ بینکوں / ترقیاتی مالی اداروں / خردمالکاری بینکوں / غیر بینک مالی کمپنیوں / خردمالکاری اداروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ مقررہ مدت میں رکنیت کا عمل مکمل کر کے ڈیٹا کا تبادلہ شروع کر دیں۔

آپ کا مخلص

(محمد طاہر)
ایڈیشنل ڈائریکٹر